دیکھ کر خوشی اور مسرت کا اظہار کرتے رہے۔ وفد نے حضرت مدظلہ کو اپنے ملک چینی رسم الخط میں ایک قیمتی طغریٰ تحفۃً پیش کیا۔ جسے دارالعلوم کے دفتر اہتمام میں آویزاں کر دیا گیا۔ چینی وفد کے قائد عبدالرحیم لیتیب نے رائے بک میں اپنے تاثرات قلم بند فرمائے۔

مدیر الحق کا سفر حج | مدیر ماہنامہ الحق مولانا سمیع الحق ۲۸ ستمبر کو اسلام آباد سے عازم جدہ ہوئے۔ اجلاس سے قبل آپ نے وفاقی کونسل کی خصوصی کمیٹی برائے شفعہ کے اجلاس میں شرکت کی۔ روانگی کے وقت تمام طلبہ نے آپ کو الوداع کہی اور دعاؤں سے دارالحدیث میں جمع ہو کر نوازا۔ ۱۰ اکتوبر کی شب کو آپ زیارت حرمین الشریفین کی سعادت سے مشرف ہو کر اسلام آباد پہنچے۔ دوسرے دن ۱۱ اکتوبر کو مجلس شوریٰ کے اجلاس میں شرکت کے بعد شام ۴ بجے دارالعلوم پہنچے۔ باہر سڑک پر تمام اساتذہ و طلبہ سینکڑوں کی تعداد میں دورویہ کھڑے ہوئے چشم براہ تھے۔ استقبال کے بعد دارالحدیث میں سب نے جمع ہو کر آپ کا خیر مقدم کیا اور حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے تمام حاضرین کے لئے دعا فرمائی۔

قابلِ رشک عالم کی قابلِ رشک موت | تلہ گنگ پنجاب کے مولانا حافظ نور محمد فاضل دیوبند جن کا حضرت شیخ الحدیث مدظلہ اور دارالعلوم سے حد درجہ گہرا پرخلوص اور عقیدت مندانہ تعلق تھا۔ عیدالاضحیٰ کے خطبہ کے دوران فکر آخرت اور تیاریٔ موت کے عنوان پر تقریر فرماتے ہوئے خود موت کے لئے تیار ہو گئے۔ اور نماز پڑھانے سے قبل اپنے خالق سے جا ملے۔ اِنّا للہ و اِنّا الیہ راجعون۔

مرحوم گوناگوں خوبیوں کے مالک تھے۔ وفات سے ڈیڑھ ماہ قبل ختم بخاری شریف کے موقع پر تشریف لائے اور اس موقع پر کمال اصرار سے حضرت سے بیعت بھی کی۔

دارالعلوم میں ان کی وفات پر مغفرت کی دعائیں کی گئیں۔

سندات وفاق کا معادلہ | ۱۳ ستمبر کو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن اسلام آباد میں جناب وزیر تعلیم محمد علی خان ہوتی کی صدارت میں معادلہ اسناد مدارس کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ مولانا سمیع الحق صاحب نے بحیثیت رکن کمیٹی اس اجلاس میں شرکت فرمائی۔ اجلاس ۹ بجے سے ایک بجے تک جاری رہا۔ اختتام پر ظہرانے میں جناب صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق صاحب بھی شریک ہوئے اور تقریباً ڈھائی گھنٹے تک ارکان کمیٹی سے تبادلہ خیال کیا۔ فضلاء مدارس عربیہ کی سند کو ایم اے کے برابر کر دینے کے سلسلہ میں کئی امور کو حتمی شکل دی گئی۔ اور تفصیلات کے لئے وفاق اور تنظیم المدارس کے اعضاء پر مبنی ایک ذیلی کمیٹی تشکیل پائی۔